آموز اور حیرت انگیز بائیس واقعات جمع کئے گئے ہیں۔ انہیں پڑھ کر یہ احساس اور بھی گہرا ہو جاتا ہے کہ مسلمانوں کے ادبار اور تنزل میں بنیادی حصہ، خدا فراموشی، خود فراموشی، حب دنیا، موت سے فرار، اتحاد کا فقدان اور حالات کا غیر حقیقت پسندانہ سامنا کرنا ہے۔

آئینۂ صداقت | از مولانا فیروز الدین روحی، ناشر مکتبۂ معاویہ ۲/۱۴ بی ون ایریا لیاقت آباد کراچی ۱۹۔ صفحات ۱۹۲، قیمت دو روپے۔

برصغیر میں بریلوی اور دیوبندی نزاع کی تاریخ بہت پرانی ہے۔ کچھ سیاسی اغراض بھی اس کے پروان چڑھانے کا سبب بنیں۔ اور ایک خاص مقصد کے تحت اس ملک میں اسلام کو اس کی شکل میں محفوظ رکھنے اور یہود و نصاریٰ سے لڑنے والی جماعت حقہ کے خلاف ایک پورا مکتب فکر کھڑا کیا گیا۔ پیش نظر کتاب میں دونوں فریقوں کے مسلک کی حقیقت اور اس ضمن میں وہابیت کی حقیقت، شاہ ولی اللہ اور ان کی تحریک دیوبند کی مختصر تاریخ اور پھر مسلمانوں میں انتشار و افتراق پیدا کرنے والے مساعی سے پردہ اٹھایا گیا ہے۔ کتاب مسلک حقہ سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے معلومات آفریں ہے۔

سیرت فریدیہ | تالیف سر سید احمد خان ترتیب محمود احمد صاحب برکاتی۔

خواجہ فریدالدین خان (م ۱۸۲۸ء) جنہیں اکبر شاہ ثانی کے زمانہ (اوائل اٹھارویں صدی) میں وزارت اور خلعت سے نوازا گیا۔ اور اہم ملکی و ملی امور کی انجام دہی کا موقعہ ملا۔ سر سید مرحوم نے ان کی مختصر سوانح لکھی تھی۔ مرتب کتاب نے سر سید کے افکار و کردار پر ایک مبسوط مقدمہ بھی کتاب میں شامل کر دیا ہے۔ اصل کتاب ص۷۳ سے شروع ہوتی ہے۔ مگر یہ مقدمہ بھی افادیت میں اصل کتاب سے کچھ کم نہیں۔ برصغیر میں مسلمانوں میں دور زوال کے آغاز سے دلچسپی رکھنے والوں کے لئے کتاب دلچسپی کا باعث ہوگا۔ یہ کتاب بھی مکتبۂ معاویہ سے مل سکتی ہے۔

بیان الصرف اردو | از مولانا عبدالرحمان ظفر۔ قیمت ڈیڑھ روپیہ۔ صفحات ۱۰۴ ناشر: کتب خانہ اشرفیہ چوبارہ روڈ لیہ (مظفر گڑھ) مغربی پاکستان۔

قرآن و حدیث اور علوم دینیہ کیلئے جو علوم بنیاد کی حیثیت رکھتے ہیں ان میں علم صرف بھی ہے۔ اردو میں بھی اس فن کے اصول و ضوابط مدون ہوئے ہیں۔ ان کتابوں میں پیش نظر کتاب بھی ہے۔ جس میں فن صرف کے اکثر قواعد آسان عبارت میں درج کئے گئے ہیں۔ مؤلف کی محنت قابل داد ہے۔ وہ اگر چاہیں تو اگلے ایڈیشن میں اغلاط کی تصحیح کے علاوہ مزید قواعد اور امثال کو بھی شامل